بسم اللہ الرحمن الرحیم

درس: ۲

(فصل اول)

تحصیل علم کی فضیلت (۱)

ImamSadiq.tv

۱۔ اس کتاب کی فصل اول علم کی ماہیت اور اس کی فضیلت کے بارے میں ہے۔

۲۔ یقینا علم کی ماہیت کو مکمل طور پر اس کتاب میں واضح نہیں کیا جائے گا بلکہ صرف کچھ اشارے کئے جائیں گے ان شاء اللہ مزید تفصیلات اسکے مناسب وقت پر آئیں گی جیسے امام صادق (ع) نے حدیث عنوان بصری کے نام سے مشہور روایت میں علم کی حقیقی ماہیت کو بیان کیا ہے کہ لیس العلم بالتعلم انما ھو نور یقع فی قلب من یرید اللہ تعالی ان یھدیه...[1]۔

۳۔ طلب علم کے لئے حدیث بیان کر رہے ہیں کہ یہ ہر مسلمان پر فرض ہے۔

۴۔ علوم کے درمیان بھی جو فی الحال کام آنے والا علم ہو اس کو حاصل کرنا ضروری ہے۔ اگر ابھی آپ کے سماج کو علم دین کی ضرورت ہے تو آپ پر ضروری ہے کہ علم دین سیکھیں۔

۵۔ علم انسان کا خاصہ ہے یعنی انسان اسی علم کے ذریعہ اپنی انسانیت پاتا ہے ورنہ باقی صفات میں انسان کے ساتھ حیوانات بھی شریک ہیں۔

۶۔ علم کے ذریعہ انسان مسجود ملائکہ بنا اور علم ہی انسان کو سعادت جاودانی و ابدی تک پہنچاتا ہے۔

[1] بحارالانوار، ج۱، ص ۲۲۴۔